فروری 2023
شمارہ 1.0

Urdu | اردو

# وکٹوریہ کے چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز

## سادہ زبان میں گائیڈ

COMMISSION FOR CHILDREN
AND YOUNG PEOPLE


# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز کیا ہیں؟

- چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز (اسٹینڈرڈز) کا وکٹوریہ میں آغاز جنوری 2016 میں ہوا تھا۔
- یہ اسٹینڈرڈز بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔
- کل 11 چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز ہیں۔
- بچوں کے ساتھ کام کرنے والے اداروں[1] کے لیے ان اسٹینڈرڈز کی *تعمیل* لازمی ہے۔
*تعمیل* کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی تنظیم میں یہ ظاہر کرنے کے لیے چیزیں ہونی چاہئیں کہ آپ[2] ہر معیار کی پیروی کرتے ہیں اور اس پر پورا اترتے ہیں۔



یہ دستاویز چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز کا خلاصہ بیان کرتی ہے۔ اس میں ایسے الفاظ اور تصویریں ہیں جو ان اسٹینڈرڈز کو سمجھنے میں مدد کے لیے آسان ہیں۔ اس میں اسٹینڈرڈز کے مکمل الفاظ یا وہ تمام چیزیں شامل نہیں ہیں جو اسٹینڈرڈز کی تعمیل کرنے کے حوالے سے آپ کے لیے کرنا لازمی ہیں۔ آپ اسٹینڈرڈز کا مکمل متن اور تعمیل کرنے کے طریقہ کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر پڑھ سکتے ہیں۔

1 "بچوں" سے مراد 18 سال سے کم عمر افراد ہیں۔
2 ہم جب لفظ "آپ" استعمال کرتے ہیں تو ہم "آپ کی تنظیم" کے بارے میں بات کر رہے ہوتے ہیں۔







## چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 1

**تنظیمیں اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ ایبوریجنل بچے ثقافتی طور پر محفوظ محسوس کریں۔ وہ ہر بچے کی شناخت اور اس کے تجربات کا احترام اور قدر کرتی ہیں۔**

آپ کی تنظیم اور عملے کے لیے یہ لازم ہے:

- ایبوریجنل[3] افراد، ان کی ثقافت اور ان کے حقوق کو خوش آمدید کہیں
- یہ جانیں کہ اس اقدام سے ایبوریجنل بچوں کو محفوظ اور اچھا محسوس کرنے میں کیسے مدد ملتی ہے۔
- نسل پرستی کی اجازت نہ دیں اور انکے پاس نسل پرستی سے نمٹنے کے لیے قواعد و ضوابط ہوں
- ایبوریجنل بچوں کو ان کی متنوع شناختوں، رسوم و رواج، عقائد اور زبانوں کے اظہار میں مدد دیں
- ایبوریجنل بچوں اور ان کے گھرانوں کو اپنی تنظیم میں شامل ہونے میں مدد دیں
- یقینی بنائیں کہ وہ ثقافتی طور پر محفوظ ہیں
- ایسی پالیسیاں اور نظام تشکیل دیں جن سے ظاہر ہوتا ہو کہ آپ نے یہ اقدامات اٹھائے ہیں۔

3 ہم لفظ 'ایبوریجنل' کو ایبوریجنل اور ٹورس اسٹریٹ آئی لینڈ کے لوگوں کے بارے میں بات کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔



# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 2

تنظیم کے رہنما بچوں کو محفوظ اور اچھی حالت میں رکھنے پر توجہ دیتے ہیں۔ تنظیموں کے پاس بچوں کے ساتھ بدسلوکی یا نقصان کے خطرات کو تلاش کرنے، ان سے بچنے اور روکنے کے لیے طریقۂ کار موجود ہیں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- بچوں کی حفاظت کے **سلسلے میں عوامی** عہد کرے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کمیونٹی کو بتائیں کہ بچوں کی حفاظت آپ کی تنظیم کے لیے اہم ہے
- ان کے پاس ایک **چائلڈ سیفٹی اینڈ ویلبینگ پالیسی** ہو۔ یہ ایک دستاویز ہے جو بتاتی ہے کہ آپ کی تنظیم بچوں کو کیسے محفوظ رکھتی ہے
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ تنظیم میں ہر شخص بچوں کی حفاظت کو فروغ دے
- عملے اور رضاکاروں کے لیے ایک تحریری **ضابطہ اخلاق** ہو۔ یہ ایک دستاویز ہے جو عملے کو بتاتی ہے کہ بچوں کے ساتھ کس طرح برتاؤ کرنا ہے اور کیا ٹھیک نہیں ہے۔
- اس بارے میں دستاویز کہ آپ بچوں کو درپیش خطرات کیسے تلاش کرتے ہیں، ان سے کیسے بچتے ہیں اور انہیں کیسے روکتے ہیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ عملہ یہ جانتا ہے کہ معلومات کو کس طرح شیئر کرنا ہے اور بچوں کی حفاظت کے بارے میں کیسے ریکارڈ رکھنا ہے۔




# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 3

بچے اپنے حقوق کے بارے میں جانتے ہیں، انہیں سنجیدگی سے لیا جاتا ہے، اور وہ خود پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں میں حصہ لیتے ہیں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- بچوں کو ان کے درج ذیل حقوق کے بارے میں بتائیں:
  - حفاظت
  - معلومات
  - اپنے سے متعلقہ فیصلوں میں حصہ لینا
- دوستیوں کی اہمیت کو سمجھنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا۔ اس سے بچوں کو محفوظ محسوس کرنے میں مدد ملتی ہے
- بچوں کو ایسے پروگرام اور معلومات پیش کریں جن میں یہ بتایا جائے کہ جنسی استحصال کو کیسے روکا جائے۔
- یقینی بنائیں کہ عملہ اور رضاکار یہ کر سکتے ہوں:
  - بچوں میں بدسلوکی اور نقصان کی علامات شناخت کرنا
  - بچوں کو کھل کر بولنے اور ان چیزوں کے بارے میں بات کرنے میں مدد دیں جو انہیں پریشان کرتی ہیں
- بچوں کو اپنی تنظیم کے معاملات میں شمولیت میں مدد دیں
- بچے آپ کو جو کہتے ہیں اس پر عمل کریں تاکہ وہ محفوظ محسوس کریں اور آپ کی تنظیم میں دلچسپی برقرار رکھیں۔

# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز 4



تنظیمیں خاندانوں اور کمیونٹیز کو بتاتی ہیں کہ وہ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے کیسے محفوظ رکھتی ہیں۔ وہ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے سلسلے میں ان کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- گھرانوں کو ایسے فیصلوں میں حصہ لینے میں مدد دیں جو ان کے بچے کو متاثر کرتے ہیں
- گھرانوں اور کمیونٹی کو بتائیں کہ آپ کی تنظیم کس طرح بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھتی ہے
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ گھرانے اور کمیونٹیز آسانی سے ان معلومات کو تلاش کر سکیں اور انہیں سمجھ سکیں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی تنظیم کی پالیسیوں اور طرز عمل میں گھرانوں اور کمیونٹیز کی رائے شامل کی جاتی ہے
- گھرانوں، دیکھ بھال کرنے والوں، اور کمیونٹی کو اپنی تنظیم کے بارے میں بتائیں اور یہ بتائیں کہ یہ کیسے کام کرتی ہے۔

# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 5



تنظیم جانتی ہے کہ ہر بچہ مختلف ہوتا ہے۔ وہ بچوں کی مطلوبہ دیکھ بھال اور معاونت فراہم کرتے ہوئے ہر بچے کی انفرادی ضروریات کو مدنظر رکھتی ہے۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- یہ جاننا کہ ہر بچہ مختلف ہوتا ہے اور کچھ بچوں کو اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے
- ہر اس بچے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مدد کرے جو:
  - معذور ہے
  - مختلف ثقافت سے تعلق رکھتا ہے
  - مختلف زبانیں بولتا ہے
  - گھر پر نہیں رہ سکتا
  - لیسبیئن، گے، بائی سیکشوئل، ٹرانس جینڈر، نان-بائنری، جینڈر ڈائیورس یا انٹرسیکس ہے
- یقینی بنائیں کہ بچے آسانی سے معلومات حاصل کر سکیں اور مطلوبہ مدد حاصل کر سکیں۔ یہ ثقافتی طور پر محفوظ اور سمجھنے میں آسان ہونا چاہیے
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کے لیے شکایت کرنا اور سارے عمل کو سمجھنا آسان ہو
- ایبوریجنل بچوں کی ضروریات پر غور کریں اور یقینی بنائیں کہ وہ ہمیشہ ثقافتی طور پر محفوظ محسوس کرتے ہوں۔

## چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 6



تنظیمیں اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ بچوں کے ساتھ کام کرنے والے افراد موزوں ہیں۔ عملے کو معاونت دستیاب ہے اور عملہ یہ جانتا ہے کہ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا کرنا ہے۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- نئے عملے اور رضاکاروں کو بھرتی کرتے وقت بچوں کی حفاظت اور بہبود پر توجہ مرکوز رکھیں۔ یہ ان کے کام شروع کرنے سے پہلے اشتہارات، ریفری کی جانچ اور اسکریننگ کے مراحل کے دوران کیا جا سکتا ہے
- یقینی بنائیں کہ عملے اور رضاکاروں کے پس منظر کی درست جانچ پڑتال کی گئی ہے
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ نیا عملہ جانتا ہے کہ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے اسے کیا کرنا ہے۔ اس میں یہ شامل ہے:
  - چیزوں کا اچھا ریکارڈ رکھنا
  - یہ جاننا کہ کب معلومات شیئر کرنی ہیں
  - یہ جاننا کہ رپورٹ کب اور کیسے کرنی ہے
- یہ یقینی بنانا کہ مینجر بچوں کی حفاظت پر توجہ مرکوز رکھنے میں عملے کی مدد کریں۔

## چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 7



شکایات اور خدشات کے عمل میں اصل توجہ بچوں پر مرکوز ہے

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- ان کے پاس شکایات کی پالیسی ہو۔ یہ پالیسی لازمی طور پر:
  - بآسانی تلاش کی جاسکے اور پڑھی جا سکے
  - بچوں سے متعلق ہو
  - وضاحت کریں:
    - مینجرز، عملے اور رضاکاروں کو کیا کرنا ہے
    - مختلف قسم کی شکایات کا نظم وانتظام کیسے کریں
    - اگر پالیسیوں یا ضابطہ اخلاق پر عمل نہ ہو تو کیا کیا جائے
    - جب آپ کی تنظیم کو حکام کو رپورٹ کرنے کی ضرورت ہو، جیسے پولیس
- تو یقینی بنائیں کہ بچے، گھرانے، عملہ، اور رضاکار سبھی جانتے ہوں کہ آپ کی تنظیم شکایات کا انتظام کیسے کرتی ہے
- شکایات کو مناسب طریقے سے اور ثقافتی طور پر محفوظ طریقے سے ہینڈل کرنا
- تمام شکایات کو سنجیدگی سے لیں اور فوری جواب دیں
- اس بارے میں پالیسیاں اور طریقہ کار رکھیں:
  - آپ کی تنظیم کو شکایات کی اطلاع کیسے دی جائے
  - کیا رپورٹ کیا جائے
  - رپورٹ کب کی جائے
  - پولیس اور دیگر اتھارٹیز کو کیسے شکایات درج کرائی جائیں اور کیسے ان کے ساتھ مل کر کام کیا جائے
- رپورٹنگ، پرائیویسی اور ملازمت سے متعلقہ تمام قوانین پر عمل کیا جائے۔

## چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز 8



تنظیمیں بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے عملے کو تعلیم اور تربیت فراہم کرتی ہیں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- تنظیم کی چائلڈ سیفٹی اینڈ ویلبیئنگ پالیسی پر عمل کریں
- بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور انہیں نقصان پہنچائے جانے کی علامات کے بارے علم رکھیں۔ اس میں دوسرے بچوں کی طرف سے ہونے والی بدسلوکی اور نقصان بھی شامل ہے
- بچوں کی حفاظت اور بہبود کے مسائل کا جواب دیں
- اس وقت عملے کے دوسرے رکن کی مدد کریں جب وہ بچوں کی حفاظت کے مسئلے سے نمٹ رہا ہو
- یہ جانیں کہ بچوں کو کس طرح ثقافتی طور پر زیادہ محفوظ محسوس کروایا جائے۔

## چائلڈ سیفٹی اسٹینڈرڈ 9



تنظیمیں اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ بچے ان کی خدمات، ترتیبات اور سرگرمیاں استعمال کرتے ہوئے محفوظ ہیں۔ اس میں وہ صورتحال شامل ہے جب بچے آن لائن ہوں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- یقینی بنائیں کہ عملہ اور رضاکار خطرات کو تلاش کر سکتے ہیں اور انہیں روک سکتے ہیں۔ ایسا کرتے وقت انہیں بچے کے ان حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے:
  - پرائیویسی
  - معلومات
  - دوست ہونا اور اکیلا محسوس نہ کرنا
  - سیکھنا
- یقینی بنائیں کہ عملہ اور رضاکار آن لائن حفاظت کو سمجھتے ہیں۔ آن لائن ہوتے ہوئے ان کے لیے آپ کی تنظیم کے ان اصولوں پر پورا اترنا لازمی ہے:
  - ضابطۂ اخلاق
  - بچوں کی حفاظت اور بہبود کی پالیسی
- **خطرے کے نظم وانتظام کے منصوبے** لکھنا۔ یہ اس بات کے منصوبے ہیں کہ آپ اپنی ترتیبات، سرگرمیوں اور ماحول کو ممکنہ پیش آنے والے ان خطرات سے کیسے نمٹیں گے
- جب آپ کی تنظیم دیگر تنظیموں کی سہولیات یا خدمات کا استعمال کرتی ہے تو بچوں کی حفاظت کا دھیان رکھیں۔



# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈ 10

## تنظیمیں بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے اپنے طریقوں کی جانچ کرتی ہیں اور ان میں بہتری لاتی ہیں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- بچوں اور نوجوانوں کو محفوظ رکھنے کے لیے آپ جو کچھ کرتے ہیں اس کی جانچ کرتے رہیں اور اس میں بہتری لائیں
- شکایات، خدشات، اور حفاظت سے متعلقہ حادثات کو دیکھیں کہ سمجھیں وہ کیسے پیش آئے۔ اس سے آپ کو اپنے کام میں بہتری لانے میں مدد ملے گی
- عملے، رضاکاروں، کمیونٹی، گھرانوں اور بچوں کو بتائیں کہ آپ نے کیا نتائج حاصل کیے۔




# چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز 11

## تنظیموں نے اس بارے میں دستاویزات تیار کر رکھی ہیں کہ وہ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے کیسے محفوظ رکھتی ہیں۔

آپ کی تنظیم کے لیے یہ لازم ہے:

- ان کے پاس ایسی تحریری پالیسیاں اور طریقۂ کار موجود ہیں جو:
  - تمام چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز کا احاصہ کرتی ہیں
  - تلاش کرنا اور سمجھنا آسان ہیں
- اپنی پالیسیاں اور طریقہ کار تیار کرنے کے لیے **اسٹیک ہولڈرز** کے ساتھ کام کریں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو آپ کی تنظیم کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ ان میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:
  - عملہ اور رضاکار
  - بچے اور گھرانے کے افراد
  - دیگر تنظیمیں جن کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں
  - کمیونٹی گروپ یا ارکان
- دوسری تنظیموں کی اچھی پالیسیوں اور طریقہ کار کو دیکھیں
- یقینی بنائیں کہ آپ کے رہنما پالیسیوں اور طریقہ کار کی حمایت کرتے ہیں
- یقینی بنائیں کہ عملہ اور رضاکار پالیسیوں اور طریقہ کار کو سمجھتے اور ان پر عمل کرتے ہیں۔

# مدد کہاں سے حاصل کی جائے

چائلڈ سیف اسٹینڈرڈز ریگولیٹرز آپ کو اسٹینڈرڈز پر پورا اترنے میں مدد کے لیے معلومات دے سکتے ہیں۔

آپ یہاں چائلڈ سیف سٹینڈرڈز ریگولیٹرز کے بارے میں جان سکتے ہیں۔

آپ کمیشن سے درج ذیل طریقوں سے رابطہ کر سکتے ہیں:

ٹیلی فون: 1300 782 978

ای میل: contact@ccyp.vic.gov.au

ویب سائٹ: www.ccyp.vic.gov.au

Interpreter

اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہے، تو براہ کرم ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس کو 13 14 50 پر کال کریں۔ ان سے کمیشن فار چلڈرن اینڈ ینگ پیپل کو 1300 782 978 پر کال کرنے کا کہیں۔

کمیشن پورے وکٹوریہ میں زمینوں کے روایتی مالکان کو احترام کے ساتھ تسلیم کرتا ہے اور ان کا جشن مناتا ہے اور ان کی ماضی، حال اور مستقبل کی نسلوں کے کے بزرگوں، بچوں اور نوجوانوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

© کمیشن برائے اطفال و نوجوانان 2023

یہ دستاویزکاپی رائٹ حقوق کے تحت ہے۔ *کاپی رائٹ ایکٹ 1968* کے تحت اجازت شدہ کسی بھی استعمال کے علاوہ، Commission for Children and Young People کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی عمل کے ذریعے اس مواد کا کوئی حصہ استعمال نہیں کیا جا سکتا،
Level 18, 570 Bourke Street, Melbourne 3000۔

کمیشن مئی 2022 میں اس وسیلے کے سادہ زبان شمارے (www.enliven.org.au /healthliteracy@enliven.org.au) کی تخلیق میں enliven کی Health Literary Services کے تعاون کو تسلیم کرنا چاہتا ہے۔

تصاویر\عکس enliven Victoria نے تیار کیے اور ان میں تبدیلیاں کیں، بشمول Tobii Dynavox کے پکچر کمیونیکیشن سمبلز 2022-1981© کا استعمال۔ جملہ حقوق دنیا بھر میں محفوظ ہیں۔ اجازت سے استعمال کیا گیا۔ Boardmaker® is a trademark of Tobii Dynavox. یہ دستاویز تیسرے فریقوں کو فروخت نہیں کی جا سکتی۔ تصاویر کو بغیر اجازت کے دوبارہ استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

COMMISSION FOR CHILDREN
AND YOUNG PEOPLE